# انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

## نوٹیفیکیشن

بحوالہ مراسلہ نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2026/1/5 مورخہ 16-01-2026 جملہ متعلقین کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام امتحان انٹرمیڈیٹ (پارٹ-I,II & کمپوزٹ، 1st Annual) 2026ء مورخہ 20 مئی 2026ء سے شروع ہوگا۔ جس کیلئے بورڈ ہذا میں آن لائن داخلہ فارمز مع امتحانی فیس مع ہارڈ کاپی / کٹ لسٹ کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

## شیڈول برائے وصولی داخلہ فارم مع فیس

| نمبر شمار | شیڈول | ریگولر/پرائیویٹ امیدواران |
|---|---|---|
| 01 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 19-01-2026 تا 11-02-2026 |
| 02 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 12-02-2026 تا 24-02-2026 |
| 03 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 25-02-2026 تا 09-03-2026 |
| 04 | تین گنا فیس اور مبلغ-/200 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ | 10-03-2026 تا 29-04-2026 |
| 05 | تین گنا فیس مع مبلغ-/200 روپے یومیہ جرمانہ اور امتحان شروع ہونے سے 10 ایام قبل تک مبلغ-/500 روپے (کل مبلغ 700 روپے) یومیہ جرمانے کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ | 30-04-2026 تا 09-05-2026 |

## فیس کی شرح

| گروپ | «ریگولر امیدواران کیلئے» | | | «پرائیویٹ امیدواران کیلئے» | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | پارٹ-I (11th) | پارٹ-II (12th) | کمپوزٹ | پارٹ-I (11th) | پارٹ-II (12th) | کمپوزٹ |
| آرٹس | Rs.850/- | Rs.850/- | Rs.1700/- | Rs.900/- | Rs.900/- | Rs.1800/- |
| سائنس/آرٹس مع عملی امتحان | Rs.870/- | Rs.870/- | Rs.1740/- | Rs.950/- | Rs.950/- | Rs.1900/- |
| رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ) | -- | -- | -- | Rs.1000/- | -- | Rs-1000/- |
| سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | -- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | -- | Rs.1000/- | Rs.1000/- |
| داخلہ فارم پروسیسنگ فیس | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- |
| ڈیولپمنٹ فنڈ | -- | -- | -- | Rs.350/- | Rs.350/- | Rs.350/- |
| سکالرشپ فیس | -- | -- | -- | Rs.250/- | Rs.250/- | Rs.250/- |
| پوسٹل سروس چارجز | -- | -- | -- | Rs.300/- | Rs.300/- | Rs.300/- |
| CCTV کیمرہ فیس | Rs.30/- | Rs.30/- | Rs.30/- | Rs.30/- | Rs.30/- | Rs.30/- |

### مضمون «علوم السنہ شرقیہ» گروپ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| داخلہ فیس-/Rs.1000 | رجسٹریشن فیس-/Rs.1000 | پروسیسنگ فیس-/Rs.1000 | سرٹیفکیٹ فیس-/Rs.1000 | متفرق فیس-/Rs.900 | CCTV کیمرہ فیس-/Rs.30 |

**نوٹ: داخلہ فارم / کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی اور (MCB) بنک چالان رسید / آن لائن جمع شدہ رسید کی کاپی مجوزہ تاریخ میں ایک ساتھ دستی یا رجسٹرڈ ارسال کریں۔ بصورت دیگر جاری شیڈول کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔**

## ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات / پرائیویٹ امیدواران

۱۔ پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کرنے والے تمام پرائیویٹ امیدواران داخلہ فیس اور پروسیسنگ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس مبلغ-/1000 روپے بھی جمع کروائیں گے۔

۲۔ سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ-/1000 روپے تمام ریگولر/پرائیویٹ بارہویں (پارٹ-II) اور کمپوزٹ امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواران کو بھی جمع کروانی ہوگی۔ اس کے علاوہ ایڈیشنل مضامین اور مارکس امپرومنٹ کا امتحان دینے والے امیدواران داخلہ فیس مع پروسیسنگ فیس کے ساتھ سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ-/1000 روپے بھی جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۳۔ دوسرے بورڈز سے NOC لے کر آنے والے تمام پرائیویٹ امیدواران مبلغ-/1000 روپے رجسٹریشن فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۴۔ ایسے امیدواران جنہوں نے داخلہ فیس (MCB) بنک میں یا آن لائن مقررہ تاریخ میں جمع کروائی ہو لیکن داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی رولنمبر سلپ جاری ہونے کے بعد دفتر لے کر آئے۔ ایسے امیدواران کو بورڈ فیصلہ کے مطابق مبلغ-/3500 روپے جمع کروانے کے بعد رولنمبر سلپ جاری کی جائے گی۔

۵۔ تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات Creation of Batch کے بعد فیس جمع کروانے سے پہلے اگر Batch ختم(Delete) کرنا چاہیں تو بغیر فیس کے Batch ختم(Delete) کر سکتے ہیں۔ فیس جمع کروانے کے بعد Batch ختم(Delete) نہیں ہوسکے گا۔

(جاری صفحہ 02)

ScheduleFee for HSSC 1st Annual Notification 2026

۶۔ نئے الحاق شدہ ادارہ جات کو اکیڈمک برانچ کی طرف سے جاری کردہ مراسلہ/ ادارہ کوڈ جاری ہونے کے 10 ایام کے اندر اندر اپنے امیدواران کے داخلہ کی کٹ لسٹیں سنگل فیس کے ساتھ جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ بصورت دیگر مقررہ تاریخ کے بعد جو بھی فیس کا شیڈول چل رہا ہوگا اُس کے مطابق فیس وصول کی جائیگی۔

۷۔ ریگولر ادارے (سرکاری/ الحاق شدہ) اپنے امیدواران کے ہر لحاظ سے مکمل ایڈمیشن کٹ لسٹ (کم از کم 80 گرام لیگل سائز پیپر) پر پرنٹ نکالنے کے بعد ایڈمیشن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی مع (MCB) بنک میں جمع شدہ فیس چالان رسید یا آن لائن جمع شدہ رسید بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی کی انٹر برانچ میں اُمیدواران کی کٹ لسٹیں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں گے۔

۸۔ بورڈ نے تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات بورڈ فیصلہ کے مطابق گزٹ اور پوسٹل فیس ادارہ کے پہلے بیچ (Batch) میں شامل کر دی گئی ہے۔ اگر کسی ادارہ کے کسی بھی بیچ (Batch) میں گزٹ اور پوسٹل فیس مبلغ -/1500 روپے شامل نہیں ہے تو ایسے ادارہ کو مینولی (Manually) چالان پر رزلٹ گزٹ فیس مبلغ -/1000 روپے اور پوسٹل سروسز چارجز فیس مبلغ -/500 روپے جمع کرانی لازمی ہو گی۔ واضح رہے کہ مینولی چالان کے اندر بورڈ کی طرف سے جاری کیا گیا ادارہ کوڈ لکھنا لازمی ہے۔

۹۔ تمام پرائیویٹ اُمیدواران داخلہ فیس کے ساتھ پوسٹل سروسز چارجز کی مد میں مبلغ -/300 روپے، ڈیولپمنٹ فنڈ مبلغ -/350 روپے اور سکالرشپ فیس -/250 فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۱۰۔ تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ اداراہ جات داخلہ فارم آن لائن کرنے کے بعد مجوزہ تاریخ میں ایڈمیشن کٹ لسٹ، ریونیولسٹ، ,Forwarding Letter اور جمع شدہ داخلہ فیس یا آن لائن جمع شدہ رسید کی کاپی دستی یا رجسٹرڈ ارسال کریں۔ بصورت دیگر مقررہ تاریخ کے بعد جو بھی فیس شیڈول ہوگا اس کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔

۱۱۔ پرائیویٹ اُمیدوار داخلہ آن لائن کرنے کے بعد (MCB) بنک میں یا آن لائن مطلوبہ فیس جمع کرانے اور تصدیق شدہ داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی بورڈ کے سہولت سینٹر واقع بورڈ کیمپس مورگاہ، راولپنڈی میں دستی یا بذریعہ رجسٹرڈ بھجوائے گا۔ کسی بھی دشواری کی صورت میں امیدوار اپنے مکمل دستاویزات کے ساتھ بورڈ آفس سے رابطہ کرے۔

۱۲۔ وہ امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ ریگولر) کی طرح جاری شیڈول کے مطابق امتحانی فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۱۳۔ راولپنڈی ڈویژن کے تمام جیل خانہ جات میں قید امیدواران کو امتحانی فیس سے استثنیٰ حاصل ہے۔ (یہ رعایت صرف سنگل فیس کے ساتھ حاصل ہوگی۔)

۱۴۔ تمام ریگولر ادارہ جات اور پرائیویٹ امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ داخلہ فارم پورٹل سے پرنٹ شدہ چالان پر فیس جمع کروائی جائے نیز داخلہ فارم کینسل/ ڈیلیٹ (Cancel/Delete) کرنے کی صورت میں فیس واپسی/ ایڈجسٹ اور ریفنڈ ہرگز نہیں کی جائے گی۔

۱۵۔ ریگولر/ پرائیویٹ داخلہ فارم Online کرنے کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk وزٹ کریں۔

۱۶۔ دورانِ سکروٹنی امیدوار کا داخلہ بورڈ رولز کے متضاد ہوا تو امیدوار کا داخلہ بورڈ منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا اور فیس ناقابل واپسی ہوگی۔

۱۷۔ بورڈ رولز کے مطابق داخلہ فیس کی مد میں جمع کرائی گئی فیس ناقابلِ واپسی ہے۔

۱۸۔ تمام پرائیویٹ اُمیدواران اور ریگولر ادارہ جات کو یہ ہدایت جاری کی جاتی ہے کہ اگر مقررہ تاریخ گزر جاتی ہے اور فیس جمع نہیں ہوتی ہے تو اپنا داخلہ کینسل/ ڈیلیٹ (Cancel/Delete) کر کے نیا داخلہ فارم فیڈ کر کے اُسی چالان پر فیس جمع کرائی جائے۔ مینول چالان پر فیس جمع نہ کرائی جائے۔ الگ سے مینول چالان پر جمع کرائی گئی فیس منسوخ تصور ہوگی اور نہ ہی ایڈجسٹ کی جائے گی اور نہ ہی ریفنڈ کی جائے گی۔

۱۹۔ ایسے امیدواران جو HSSC کا امتحان پاس کر چکے ہوں اور ایڈیشنل آرٹس/ سائنس پریکٹیکل مضامین میں شامل امتحان دینے کے اہل ہیں ایسے امیدواران کو کسی نئی رجسٹریشن کی ضرورت نہ ہے۔

۲۰۔ بحوالہ دفتری حکمنامہ نمبر CE/2662/23 مورخہ 02-10-2023 کی روشنی میں بروقت فیس جمع کروانے کی صورت میں پرائیویٹ ایڈمیشن فارم اور ریگولر کٹ لسٹ دفتر ہذا میں مقررہ تاریخ کے بعد 03 ایام کی رعایت دی جائے گی۔

**۲۱۔ پرائیویٹ امیدواران PROOF READ فارم پر درج PSID کے تحت فیس جمع کروائیں اور E-Attest کروا کر Admission Form کو ڈاؤن لوڈ کر کے مقررہ تاریخ تک بورڈ آفس میں ارسال کریں نیز PROOF READ فارم کسی صورت قابل قبول نہ ہوگا۔**

نوٹ:۔ <u>تمام سربراہ ادارہ جات کی اطلاع کیلئے تحریر ہے کہ سالقہ/ امتحان انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ 2026ء کی فیس عدم ادائیگی بقایاجات ہونے کی صورت میں متعلقہ ادارے کا ایڈمیشن پورٹل بند اور رزلٹ روک لیا جائے گا۔</u>

sd/-
**سیکرٹری**

**نمبر: M.S./ 03/2026**
**مورخہ: 17-01-2026**

کاپی برائے اطلاع:۔

۱۔ ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) اٹک، چکوال، تلہ گنگ، جہلم، مری، راولپنڈی۔
۲۔ راولپنڈی بورڈ کی حدود میں واقع منظور شدہ کالجز کے سربراہان کے نام۔
۳۔ پی۔آر۔او بورڈ ہذا۔ (برائے اشاعت اخبارات و برائے ویب سائٹ)
۴۔ تمام افسران بورڈ ہذا/ داخلی تقسیم۔
۵۔ کمپیوٹر سیل/ ویب ڈویلپر کمپیوٹر سیل، بورڈ ہذا
۶۔ مینجر حبیب بینک رحمٰن آباد مری روڈ راولپنڈی۔
۷۔ مینجر MCB بینک چاندی چوک برانچ راولپنڈی۔
۸۔ آئی جی جیل خانہ جات

**اسسٹنٹ سیکرٹری (میٹنگز)**
**برائے سیکرٹری**